# 09-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ بڑھتی ہوئی ٹکنالوجی کے تناظر میں نئے طرح کے جرائم میں اضافہ کے پیش نظر سائبر کرائم شعبہ کو مزید مستحکم کرنے چیف منسٹر ریونت ریڈی کا مطالبہ۔

۲۔ ریاست میں برقی طلب کے پیش نظر راما گنڈم این ٹی پی سی دوسرے مرحلہ کی پیدا شدہ برقی خرید کیلئے ریاستی حکومت سے معاہدہ کرنے کشن ریڈی کی چیف منسٹر سے خواہش۔

۳۔ اولمپکس کے مقصد سے کھلاڑیوں کو تربیت دینے تمام سہولیات پر مبنی اسپورٹس یونیورسٹی کی تعمیر کرنے چیف منسٹر کی ہدایت۔

اور

۴۔ مرکزی وزارتِ تعلیم کے زیر اہتمام ایک بھارت شرشٹ بھارت پروگرام کے حصہ کے طور پر یووا سنگم تیسرے مرحلہ کیلئے آن لائن اندراج کے پورٹل کا آغاز۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے راما گنڈم این ٹی پی سی میں دوسرے مرحلہ کے تحت تعمیر کروائے جانے والے 2400 میگا واٹ تھرمل پاور پروجیکٹ سے متعلق چیف منسٹر ریونت ریڈی کو مکتوب روانہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں بڑھتی ہوئی برقی ضروریات کے پیش نظر اِس پروجیکٹ کے ذریعہ پیدا ہونے والی برقی کی خریداری کیلئے ریاستی حکومت کی جانب سے معاہدہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلہ کے 1600 میگا واٹ پروجیکٹ کی طرح دوسرے مرحلہ کے تحت پیدا ہونے والی برقی میں سے 85 فیصد تلنگانہ کو حاصل ہوگی۔ کشن ریڈی نے کہا

کہ این ٹی پی سی کے ذریعہ کم خرچ پر معیاری برقی فراہم ہوگی جس سے عوام اور حکومت دونوں کو فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی مستقبل کی برقی ضروریات کے پیش نظر چیف منسٹر اس معاملہ میں شخصی دلچسپی لیں اور پروجیکٹ کی کامیابی کیلئے تعاون کریں۔

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے اپیل کی ہے کہ نواب پیٹ موضع عوامی حکمرانی اور ترقیاتی منصوبہ میں مثالی ثابت ہوا۔ ضلع کریم نگر چیگورو ما میٹری منڈل میں ضلع کلکٹر چترا مشرا کے ساتھ انہوں نے مویشیوں میں امراض پر قابو پانے سے متعلق ٹیکہ پروگرام کا آغاز کیا۔ اس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ موضع کے تمام افراد سرکاری اسکولس کو مضبوط بنانے میں دلچسپی لیں اور بچوں کو سرکاری اسکولس میں داخلہ دلانے کا انہوں نے مشورہ دیا۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ موضع میں پینے کے پانی کے مسئلہ کی یکسوئی کیلئے 20 لاکھ روپے منظور کئے گئے ہیں۔ انہوں نے صاف پینے کے پانی کی سربراہی کی اسکیم کا آغاز کیا اور مویشیوں کے طبی علاج کیلئے ذیلی مرکز کے تعمیراتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔

D. Sridhar Babu

ریاستی وزیر آئی ٹی سریدھر بابو نے کاہ ہے کہ تلنگانہ فیوچر ریڈی پولیسنگ ملک بھر کیلئے مثالی ثابت ہو، یہی حکومت کا مقصد ہے۔ انہوں نے کل پولیس اکیڈیمی میں منعقدہ پولیس آفیسرس ری ٹریٹ 2026ء میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ انہوں نے اپیل کی کہ ٹکنالوجی، ٹرسٹ ٹائلنٹ یعنی ٹریبل ٹی کی حکمت عملی کے تحت اصلی چیالنجس کا مقابلہ کیا جائے۔ انہوں نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ موجودہ وقت میں جرائم ڈیجیٹل کی شکل

میں تبدیل ہوگئے ہے اور یہ ڈیپ فیک اور وائس کلونگ جیسے بڑے چیالنجس بن گئے ہیں۔ سال 2024ء میں ملک بھر میں سائبر دھوکے بازوں کی جانب سے 22 ہزار 845 کروڑ روپیوں کا دھوکہ دیا گیا اور متاثرین میں تعلیم یافتہ طبقہ ہی زیادہ ہے۔ ریاستی وزیر نے بتایا کہ آنے والے دونوں میں مصنوعی ذہانت، ڈیٹا انالیٹکس کی مدد سے جرائم سے قبل از وقت نمٹنے کے لئے پری ڈیٹکٹیو پولیس کو ترجیح دی جائے گی۔ اس تقریب میں ڈی جی پی شیودھر ریڈی کے علاوہ دیگر اعلیٰ عہدیداران بھی موجود تھے۔

Bum Ruknuddin Tola Talab

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے شیورام پلی میں ہائیڈرا کی جانب سے احیاء کئے گئے بم رکن الدولہ تالاب کا ارکان پارلیمنٹ اسدالدین اویسی اور انیل کمار یادو کے ساتھ مل کر افتتاح انجام دیا۔ اس موقع پر ریونت ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ حکومت کی جانب سے 90 روزہ منصوبہ بندی کے تحت حیدرآباد کی ترقی کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ تالابوں پر غیر قانونی قبضے، نالوں کی بحالی اور تالابوں کے پاس سیلف ہلپ گروپس کی مدد سے اسٹالس کے قیام کو یقینی بناتے ہوئے لیک اکنامی کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ اولڈسٹی ورجینل سٹی ہے اور وہاں میٹرو کی توسیع، عثمانیہ ہاسپٹل کی تعمیر اور موسیٰ ندی کی صاف صفائی کے کاموں کو تیزی کے ساتھ مکمل کیا جائے گا۔

Wether

محکمہ موسمیات کے مطابق ریاست تلنگانہ میں آج سے کل صبح ساڑھے آٹھ بجے تک موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ اسی طرح اگلے دو تا تین دنوں میں اعظم ترین درجہ حرارت میں

کوئی خاص تبدیلی نہ ہونے کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔موجودہ وقت میں کسی بھی طرح کے انتباہی احکامات جاری نہیں کئے گئے ہیں۔عہدیداروں نے مشورہ دیا کہ موسمی صورتحال کے پیش نظر احتیاطی اقدامات پرعمل کیا جائے۔

BRS - CRGM

قاضی پیٹ میں کوس فیکٹری کے قیام کے مطالبہ پر بی آر ایس کے وفد نے آج ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر سنجے کمار شریواستو سے ملاقات کی۔انہوں نے سابق رکن پارلیمنٹ بی ونود کمار کی قیادت میں منعقدہ اجلاس میں 40 سال سے جاری قاضی پیٹ کوچ فیکٹری کے مطالبہ سے جی ایم کو واقف کروایا۔جی ایم نے بتایا کہ مرکزی حکومت کی جانب سے تازہ طور پر مینوفیکچرنگ یونٹ کو منظور کیا گیا ہے اور خانگی اداروں نے کام شروع کردیا ہے۔جی ایم نے تیقن دیا کہ قاضی پیٹ ڈیویژن کے مطالبہ سے ریلوے بورڈ کو واقف کروایا جائے گا۔سابق رکن اسمبلی اے رمیش بابو نے ایودھیاپورم میں اراضیات سے محروم کسانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔لاتور کی طرز پر مقامی افراد کو ترجیح دینے کی انہوں نے خواہش کی۔

Intermediate

انٹرمیڈیٹ کے امتحانات جاری ہیں۔آج منعقدہ انٹرمیڈیٹ سال اول کے فزیکس اور اکنامکس کے امتحان میں 96.44 فیصد طلبہ نے شرکت کی۔بورڈ آف انٹرمیڈیٹ سکریٹری کی جانب سے جاری کردہ بیان میں یہ بات بتائی گئی ہے۔مجموعی طور پر پانچ لاکھ 36 ہزار 804 طلبہ ہیں جن میں سے 5 لاکھ 16 ہزار 740 طلبہ نے آج کا امتحان لکھا۔19 ہزار 64 طلبہ نے امتحان تحریر نہیں کیا۔ اسی طرح ورنگل، کھمم، یادادری، پداپلی اضلاع میں نقل نویسی کے چار واقعات سامنے آئے۔

Women's Hockey World cup

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے گچی باؤلی میں واقع جی ایم سی بالا یوگی اسٹیڈیم میں باوقار ویمنس ہاکی ورلڈ کپ 2026ء کوالیفائرس ٹورنمنٹ کا افتتاح انجام دیا۔ یہ افتتاحی میاچ میں بھارتی خواتین کی ٹیم نے 4 صفر کے فرق سے اُرگوے کے خلاف کامیابی حاصل کی۔ پہلے کوارٹر سے ہی ہندوستانی کھلاڑی شاندار صلاحیتوں کا مظاہرہ کررہے تھے۔ ارگوے کی ٹیم گول بنانے کی کوشش کی تاہم ٹیم انڈیا نے اسے روکنے میں کامیابی حاصل کی۔ ہندوستانی ٹیم اپنا اگلا میچ آج شام ساڑھے سات بجے اسکاٹ لینڈ سے کھیلے گی۔

Revanth Reddy

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ اولمپکس کے مقصد سے طلبہ کو تربیت دینے کے لئے ریاست میں تمام سہولیات سے آراستہ اسپورٹس یونیورسٹی کی تعمیر ہونی چاہئے۔ انہوں نے آج کھیلوں کے امور سے متعلق طلب کردہ جائزہ اجلاس سے خطاب کیا۔ چیف منسٹر نے ہدایت دی کہ گچی باؤلی آؤٹ ڈور اسٹیڈیم کی بحالی کے ساتھ ساتھ انڈور اسٹیڈیم یونیورسٹی کمپلکس، ہاسٹل کی تعمیر، ہمہ اقسام کے کھیلوں کے میدان اور تربیت کیلئے درکار سہولیات کے معاملہ میں ممکنہ اقدامات کئے جائیں۔ تعمیرات سے متعلق بعض ڈیزائنز کا چیف منسٹر نے مشاہدہ کیا اور عہدیداروں کو مشورے دئے۔ چیف منسٹر نے مشورہ دیا کہ اولمپکس اور کامن ویلتھ گیمس کیلئے تلنگانہ کو ترجیح دینے کی طرز پر اولمپکس میں تلنگانہ کے کھلاڑیوں کو مظاہرہ کا موقع ملنے کے مقصد سے منصوبہ تیار کیا جائے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ حیدرآباد میں کوٹلہ وجئے بھاسکر ریڈی اسٹیڈیم، ایل بی اسٹیڈیم اور سرورنگر اسٹیڈیم کو مستقبل

کی ضروریات ، ٹریننگ اور مقابلوں سے متعلق عصری بنایا جائے۔ اس جائزہ اجلاس میں ریاستی وزرا وی سری ہری، پنگولیٹی سرینواس ریڈی اور دیگر موجود تھے۔

## Fire Course

تلنگانہ فائر ڈیزاسٹر ریسپانس، ایمرجنسی، سیول ڈیفنس محکمہ کے زیر اہتمام حیدرآباد کے سیف آباد پی جی کالج میں آج سیول ڈیفنس والینٹر ٹریننگ پروگرام کے نام سے نئے پروگرام کا آغاز ہوا۔ فائر سرویس کے ڈائرکٹر جی وی نارائن راؤ نے اس کا آغاز کیا۔ یہ تربیتی پروگرام آج سے اس مہینہ کی 15 تاریخ تک یعنی 7 دنوں تک جاری رہے گا۔ اس موقع پر ڈائرکٹر نارائن راؤ نے کہا کہ یہ تربیتی پروگرام تمام محکموں کیلئے فائدہ مند ہے۔ ہنگامی صورتحال میں خاص طور پر ایر رائیڈس، کیمیکل حملے، نیوکلیئر خطرات اور دیگر آفاتِ سماوی کے موقع پر تربیت حاصل کرنے والے والینٹرس سرکاری محکموں کوتعاون فراہم کریں گے۔

## Ek Bharat Shreshtha Bharat

مرکزی وزارت تعلیم کے زیر اہتمام ایک بھارت شریشٹ بھارت پروگرام کے حصہ کے طور پر یووا سنگم میں چھٹویں مرحلہ کیلئے آن لائن رجسٹریشن پورٹل کا آغاز کیا ہے۔ 2 مارچ سے رجسٹریشن کی سہولت دستیاب رہے گی۔ 18 تا30 سال مکمل کرنے والے طلبہ این ایس ایس، این وائی کے ایس والینٹرس، نوجوان اور پیشہ وارانہ ماہرین اے آئی سی ٹی ای ویب سائٹ یا ایک بھارت شریشٹ بھارت کی ویب سائٹ پر درخواست داخل کر سکتے ہیں۔ اس پروگرام کے تحت منتخب طلبہ کودوسری ریاستوں میں پانچ تا سات دن تعلیمی اور ثقافتی یاترا کی سہولت فراہم ہوگی۔ وزارتِ تعلیم نے مختلف ریاستوں کے طلبہ سے اس موقع سے استفادہ کی خواہش کی ہے۔

Konda Surekha

ریاستی وزیر کونڈا اسریکھا نے حیدرآباد کے ونستھلی پورم میں واقع ہرینا ونستھلی پارک میں واقع اننیا ریسارٹ کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے منٹیننس پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ کم از کم بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پر انہوں نے برہمی کا اظہار کیا۔ یہ ریسارٹ کے انتظامات کی نگرانی دس سال قبل ایک خانگی کمپنی کو لیز پر دی گئی۔ کونڈا اسریکھا نے بتایا کہ اندرون دو ماہ اسے خانگی افراد سے حاصل کر کے محکمہ جنگلات کے زیر اہتمام ترقی دی جائے گی۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی راہول بندھو نامی ایک نئی اسکیم پر عمل آوری کر رہے ہیں۔ انہوں نے ضلع راجنا سرسلہ میں نومنتخب کونسلرس کی تہنیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ کے ٹی آر نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ رعیّتو بندھو پر عمل آوری کو نظر انداز کرتے ہوئے ہر سال ایک ہزار کروڑ روپے راہول گاندھی کو حوالہ کرتے ہوئے ریونت ریڈی راہول بندھو اسکیم پر عمل کر رہے ہیں۔

Sweeekaram

محکمہ قبائلی بہبود کے نئے ڈائرکٹر کے طور پر سنتوش بی ایم نے اپنی ذمہ داری سنبھال لی۔ انہوں نے حیدرآباد کے مانصاحب ٹینک میں واقع محکمہ قبائلی بہبود کے دفتر میں اپنے عہدہ کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں انہوں نے عہدیداروں اور عملہ کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس طلب کیا۔ بعد ازاں انہوں نے سکریٹریٹ پہنچ کر متعلقہ محکمہ کے اسپیشل چیف سکریٹری سبیا ساچی گھوش سے خیرسگالی ملاقات کی۔

CM

بڑھتی ہوئی ٹکنالوجی کے تناظر میں نئے طرح کے جرائم میں اضافہ کے پیش نظر سائبر کرائم شعبہ کو مزید مستحکم کرنے چیف منسٹر ریونت ریڈی کا مطالبہ۔ انہوں نے تلنگانہ پولیس اکیڈیمی میں منعقدہ پولیس آفیسرس ری ٹریٹ 2026 تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف محکموں کے اعلیٰ عہدیداروں نے پاور پوائنٹ پرزنٹیشن کے ذریعہ چیف منسٹر کو واقف کروایا۔ عہدیداروں نے چیف منسٹر کے علم میں مستقبل میں پولسنگ میں لائی جانے والی ترامیم سے متعلق حکومت کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔

○○